# CBSE Sample Question Paper
# X - Urdu (Course - B)
# 2019-2020

کل نمبر:۸۰ وقت:۳ر گھنٹے

Max. Marks. 80 Time Allowed: 3 Hours

(حصہ-الف)

-1 درج ذیل عبارت (غیر درسی) کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے اور ایک لفظ یا ایک جملہ میں لکھئے۔ (5)

طالب علم بے شک علم کا طلب کرنے والا ہوتا ہے۔ سچّا طالب علم صرف علم کی جستجو میں ہی نہیں رہتا بلکہ اپنی ذمّے داریوں کو بھی خوب سمجھتا ہے۔ وہ علم کے محصول کے ساتھ اپنے مادرِ وطن کی خدمت کو اپنا اوّلین فریضہ سمجھتا ہے۔ اس کی شروعات سب سے پہلے وہ اپنے گھر اور اسکول سے کرتا ہے، اپنے آس پاس کی صفائی، بزرگوں کی خدمت، بڑوں کے احکام ماننا، استاد کی عزّت، والدین کی فرماں برداری، قومی خدمت میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لینا یہ ایک اعلیٰ صفات طالب علم کی پہچان ہے۔ وطن سے کسے محبت نہیں ہوتی۔ جانور بھی جہاں رہتا ہے وہاں سے اس کا لگاؤ ہو جاتا ہے، پھر انسان تو اشرف المخلوقات ہے۔ حبّ الوطنی ایک ایسا سرور ہے جس میں شہری، دیہاتی، عالم و جاہل، امیر و غریب یکساں مستغرق ہیں۔ یہ ایسا مقدّس جوش ہے کہ محبِ وطن اپنے عزیز وطن کی خاطر جان تک کی بازی لگا دیتا ہے اور طرح۔طرح کی تکلیفیں برداشت کرتا ہے۔ آج کا طالب علم کل کا ذمّے دار شہری ہے۔ اسے ملکی معاملات میں دلچسپی لینی چاہئے۔ اسے پورا حق ہے کہ ملک کی بہتری کے لئے سوچے اور اپنے رہنماؤں سے سوال و جواب کرے۔ وہ دوسروں کی باتوں میں نہ آئیں بلکہ اپنا ذہن لگائیں اور قومی اتّحاد اور ملّت کی مثال بنیں۔

(1) سچّا طالب علم کسے خوب سمجھتا ہے؟

(a) علم

(b) استاد

(c) ذمّے داری

(d) دوست

(2) کس کی خدمت کرنا طالب علم اپنا پہلا فرض سمجھتا ہے؟

(a) والدین

(b) مادرِ وطن

(c) بوڑھوں

(d) غریب

(3) ................اپنے عزیز وطن کی خاطر جان کی بازی لگا دیتا ہے۔

(4) اشرف المخلوقات کون ہے؟

(5) طالب علم کس سے سوال و جواب کرے گا؟

2- مندرجہ ذیل اشعار (غیر درسی) کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے اور ایک لفظ یا ایک جملہ میں لکھئے۔ (5)

جینے کی ہر طرح سے تمنّا حسین ہے
ہر شر کے با وجود یہ دنیا حسین ہے

دریا کی تند باڑھ بھیانک سہی مگر
طوفان سے کھیلتا ہوا تنکا حسین ہے

صحرا کا ہر سکوت ڈراتا ہے تو کیا
جنگل کو کاٹتا ہوا رستہ حسین ہے

دل کو ہلائے لاکھ گھٹاؤں کی گن گرج
مٹّی پہ جو گرا ہے وہ قطرہ حسین ہے

دہشت دلا رہی ہے چٹّانیں تو کیا
پتّھر میں جو صنم ہے وہ کتنا حسین ہے

(1) کس چیز کی تمنّا حسین ہے؟

(a) مرنے کی

(b) جینے کی

(c) کھیلنے کی

(d) کھانے کی

(2) دریا کی باڑھ کیسی ہے؟

(a) خاموش

(b) خوب صورت

(c) بھیانک

(d) سست

(3) طوفان کے ساتھ تنکا......................کررہا ہے؟

(4) جنگل کا راستہ کیسا ہے؟

(5) گھٹاؤں کی گھن گرج کس کو ہلا رہی ہے؟

3- درج ذیل (درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے اور ایک لفظ یا ایک جملہ میں لکھیے۔ (5)

یہ سب ہزاروں برس میں ہوا اور پھر کہتے ہیں کہ دنیا کی آب و ہوا بدلی۔ وہ ایسی ٹھنڈی پڑی کہ اس کا بہت سا حصہّ برفستان ہو گیا اور برف کے کھسکتے پھسلتے پہاڑوں نے سب کچھ اپنے تلے روند ڈالا۔ پھر گرمی آہستہ آہستہ بڑھی۔ برفستان پگھل کر سمندر ہو گئے اور زندگی پھر ابھری اور پھیلی۔ اس طرح چار مرتبہ ہوا اور اس وقت زمین میں سے کئی سو گز نیچے تک ہمیں جو کچھ ملتا ہے وہ انہیں گرمی اور سردی کے پھیروں کی داستان سناتا ہے۔ اس زمانے میں آپ سمجھ سکتے ہیں کہ بن مانسوں کا برا حال ہوا ہوگا۔ ان میں سے بعض کی ایک دو ہڈّیاں برف کے نیچے اور جانوروں کی ہڈّیوں کے ساتھ دفن ہو گئیں اور اب زمین کے اندر بہت دور پڑی ہیں۔ جس سے ہم اندازہ لگا سکتے ہیں کہ وہ کروڑ یا لاکھ برس پہلے آباد تھے اور ان کے زمانے میں زمین کی کیا صورت تھی۔

(1) دنیا کی آب و ہوا بدلنے میں کتنا وقت لگا؟

(a) سینکڑوں سال

(b) ہزاروں سال

(c) لاکھوں سال

(d) معلوم نہیں

(2) برف کے پگھلنے کی کیا وجہ رہی؟

(a) زیادہ گرمی

(b) زیادہ آبادی

(c) پیڑ پودوں کی کمی

(d) معلوم نہیں

(3) سردی گرمی کے پھیر.............................. بار ہوئے؟

(4) اس زمانے میں برا حال کس کا ہوا ہوگا؟

(5) بن مانس کروڑ یا لاکھ برس پہلے آباد تھے ہم کیسے اندازہ لگا سکتے ہیں؟

**(یا)**

وہ اکثر سوچتا ہے کہ ایسا کیوں ہوا؟ کیسے ہوا کہ ایک ہی گلی میں رہتے ہوئے باقی لوگ آگے بڑھ گئے اور وہ پیچھے رہ گیا۔ ایسا کیوں کر ہو گیا؟ لیکن وہ سوچے بھی تو کیا؟ کاٹھ کا گھوڑا بھلا سوچ ہی کیا سکتا ہے؟ لیکن آج وہی کاٹھ کا گھوڑا یہی سوچ کر اداس ہو رہا ہے کہ اس کے آٹھ یا نو سال کے لڑکے چندو نے محض اس لئے اسکول جانا بند کر دیا ہے کہ وہ اس کے لئے ضرورت کی چیزیں جٹا نہیں پاتا۔ جب میں اپنی زندگی کی گاڑی ٹھیک سے نہیں کھینچ پاتا تو پھر اس ٹھیلے کے بوجھ کو کیوں کھینچوں؟ بندو سوچ رہا ہے۔ اس کے دل نے کہا کہ ٹھیلہ جو پہلے ہی سرک نہیں پا رہا ہے اسے چھوڑ چھاڑ کر الگ کھڑا ہو جاؤں۔ اس کی ہمّت پہلے ہی جواب دے رہی ہے۔ رہ رہ کر اس کے دل میں خیال اٹھ رہے ہیں کہ ایک دن اس کے چندو کو بھی اسی طرح ٹھیلے کے بوجھ کو کھینچنا پڑے گا۔

(1) کون لوگ آگے بڑھ گئے اور وہ پیچھے رہ گیا؟

(a) پڑوسی

(b) رشتہ دار

(c) چاچا کا لڑکا

(d) اس کے بیوی بچے

(2) بندو کیوں اداس ہو رہا تھا؟

(a) جام کی وجہ سے

(b) بیٹے کے اسکول جانا بند ہونے کی وجہ سے

(c) کمائی نہیں ہونے کی وجہ سے

(d) معلوم نہیں

(3) کاٹھ کا گھوڑا............................... کے لئے استعمال ہوا ہے؟

(4) اس سبق کے مصنّف کا کیا نام ہے؟

(5) ٹھیلہ چھوڑ چھاڑ کر الگ کھڑے ہو جانے کی بات کس نے کہی؟

4 ۔ نیچے درج (درسی) اشعار کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے اور ایک لفظ یا ایک جملہ میں لکھئے۔ (5)

رتبہ جسے دنیا میں خدا دیتا ہے
وہ دل میں فروتنی کو جا دیتا ہے
کرتے ہیں تہی مغز ثنا آپ اپنی
جو ظرف کہ خالی ہے صدا دیتا ہے

دنیا بھی عجب سرائے فانی دیکھی
ہر چیز یہاں کی آنی جانی دیکھی
جو آکے نہ جائے وہ بڑھاپا دیکھا
جو جا کے نہ آئے وہ جوانی دیکھی

(1) اپنی تعریف کون لوگ کرتے ہیں؟

(a) عقل مند

(b) بہادر

(c) خالی دماغ

(d) امیر لوگ

(2) ظرف خالی کے کیا معنی ہے؟

(a) صرف آواز

(b) خالی برتن

(c) خالی دماغ

(d) بڑے لوگ

(3) شاعر دنیا کو.................................سے تشبیہ دے رہا ہے؟

(4) اوپر دیا گیا بند کا شاعری کی کس صنف سے تعلق ہے؟

(5) کون سی چیز شاعر دوبارہ نہیں لوٹنے کی بات کر رہا ہے؟

**(یا)**

کہا یہ سن کہ گلہری نے منہ سنبھال ذرا
یہ کچی باتیں ہیں، دل سے انہیں نکال ذرا

جو میں بڑی نہیں تیری طرح تو کیا پروا
نہیں ہے تو بھی تو آخر مری طرح چھوٹا

ہر ایک چیز سے پیدا خدا کی قدرت ہے
کوئی بڑا، کوئی چھوٹا، یہ اس کی حکمت ہے

بڑا جہان میں تجھ کو بنا دیا اس نے
مجھے درخت پہ چڑھنا سکھا دیا اس نے

قدم اٹھانے کی طاقت نہیں ذرا تجھ میں
نِری بڑائی ہے، خوبی ہے اور کیا تجھ میں

(1) کون باتوں کو کچّی بتا رہا ہے؟

(a) پہاڑ

(b) گلہری

(c) درخت

(d) خرگوش

(2) ہر چیز سے کس کی قدرت کا پتہ چلتا ہے؟

(a) خدا کی

(b) پہاڑ کی

(c) انسان کی

(d) شرافت کی

(3) .................................کوقدم اٹھانے کی طاقت نہیں ہے؟

(4) اس نظم کے شاعر کا کیا نام ہے؟

(5) کسی کو بڑا بنانا کسی کو چھوٹا بنانا یہ کس کی حکمت ہے؟

**( حصّہ- ب )**

5- نیچے لکھے عنوانات میں سے کسی ایک پر ڈھائی سو(250)الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ (10)

(a) عورتوں کی تعلیم اوراس کی اہمیت

(b) بڑھتی بے روزگاری ایک مسئلہ

(c) طلباء میں گرتے ہوئے اخلاق اوراس کی وجوہات

(d) کسی بھی مذہبی تہوار پر

6- اپنے دوست کوامتحانات میں اس کی کامیابی پرمبارک باد دیتے ہوئے ایک خط لکھئے۔ (5)

**(یا)**

اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام چار روز کی تعطیل (چھٹّی) کے لئے درخواست لکھئے۔

7- درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔ (5)

(i) رضیہ سلطان

(ii) نئی روشنی

(iii) کارتوس

8- درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال لکھئے۔ (5)

(i) حمد

(ii) قدم بڑھاؤ دوستو

(iii) اے شریف انسانو

## (حصّہ-ج)

9- درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھئے۔ (2)

حیات موجود شکست پختہ

10- درج ذیل الفاظ کے مذکر اور مونث کو الگ الگ کر کے لکھئے۔ (2)

کاغذ گھٹا اخبار جنگ

11- فعل مجہول کی تعریف لکھئے اور اس کی دو مثالیں بھی لکھئے۔ (2)

12 ۔''خوش'' لگا کر ایک سابقہ اور ''انگیز'' لگا کر ایک لاحقہ لفظ بنائے۔ (2)

13- درج ذیل الفاظ کے واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھئے۔ (2)

روح افواج شعر اختیارات

14- زمانے کے اعتبار سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں؟ فعل ماضی کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھئے۔ (2)

15- درج ذیل الفاظ کے مترادف لکھئے۔ (2)

آہ خواب رنج عیش

16- سوالیہ کسے کہتے ہیں؟ دو جملوں میں سمجھائے۔ (2)

17- درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے۔ (4)

باغ باغ ہونا بغلیں جھانکنا میدان چھوڑنا آنکھوں میں دھول جھونکنا

## (حصّہ- د)

**18- درج ذیل میں سے کسی تین سوالوں کے جواب لکھئے۔ (2x3=6)**

(i) پوسٹ ماسٹر نے لین شو کا خط پڑھنے کے بعد کیا کیا؟

(ii) چھوت چھات سے ملک کو کیا نقصان پہنچا؟

(iii) آگ جلانا سیکھنے کے بعد انسانی زندگی میں کیا تبدیلی ہوئی؟

(iv) تخت نشینی کے بعد رضیہ نے کیا عہد کیا؟

(v) سرائے والے اور مزدور میں کیا جھگڑا تھا؟

(vi) سعادت علی کو انگریزوں نے اودھ کے تخت پر کیوں بٹھایا؟

**19- درج ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔** **(1x2=2)**

(i) موڈیم کسے کہتے ہیں؟

(ii) ای ٹکٹ کسے کہتے ہیں؟

(iii) بریل ایجاد کرنے والے کا کیا نام تھا؟

(iv) بندو کی سست رفتاری کا اثر کن لوگوں پر پڑا؟

**20- درج ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب لکھئے۔** **(2x2=4)**

(i) اس شعر میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

موت کا ایک دن معیّن ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

(ii) دھرتی کے کوکھ بانجھ ہونے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iii) درج ذیل شعر کس شاعر کا ہے؟ اس میں شاعر کس بات کی مایوسی ظاہر کر رہا ہے؟

نازاں نہ ہو خرد پر، جو ہونا ہے ہو وہی
دانش تری، نہ کچھ مری دانش وری چلے

(iv) قدم بڑھاؤ دوستو سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

**21-** **درج ذیل میں سے کنہیں تین سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔** **(1x3=3)**

(i) نظم پہاڑ اور گلہری کے شاعر کا کیا نام ہے؟

(ii) اپنی ثنا کون لوگ کرتے ہیں؟

(iii) شعر مکمل کیجئے۔

لائی حیات، آئے ، قضا لے چلی چلے

...... ...... ...... ...... ...... ...... ...... ......

(iv) قدم بڑھاؤ دوستو کے شاعر کا کیا نام ہے؟

(v) شاعر اسمٰعیل میرٹھی کی کون سی نظم آپ کی کتاب میں ہے، اس کا کیا نام ہے؟

☆☆☆